جامعۃ المدینہ فیضانِ مدینہ کراچی

# مسلم شریف : مختصر سوالات

① قرآن پاک کی کوئی سی دو فضیلتیں لکھیں؟

جواب : حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس دن کسی چیز کا سایہ نہیں ہوگا. اُس دن حاملین قرآن اللہ پاک کے سائے میں ہوں گے.

ii امام حاکم نے حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ روزہ اور قرآن بندے کی شفاعت کریں گے.

② نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن پاک یاد کرنے والے کو کس کی مثل فرمایا ہے؟

جواب : نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم حفظ کرنے والے کی مثال اُس اونٹ کی طرح دی ہے جس کا ایک پیر بندھا ہوا ہو اگر اُس کے مالک نے اس کا خیال رکھا تو وہ رہے گا ورنہ چلا جائے گا.

③ قرآن مجید کی کسی آیت کی بھول جانے کی نسبت کس طرح کریں گے؟ یا کون سے الفاظ مناسب ہیں؟

جواب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ کہنے سے منع فرمایا. کہ میں نے فلاں فلاں آیت یا سورت بھلا دی. بلکہ یہ کہے کہ وہ بھلا دیا گیا

④ قرآن پاک کو خوش الحانی سے تلاوت کرنے کی فضیلت لکھیں؟

جواب : نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. اللہ پاک کسی چیز پر اتنا اجر نہیں دیتا جتنا نبی کے خوش الحانی اور بلند آواز سے قرآن پڑھنے پر اجر عطا فرماتا ہے.

⑤ قرآن مجید کو خوش الحانی سے پڑھنے کے بارے میں مذاہب لکھیں؟

جواب : امام مالک : قرآن مجید خوش الحانی سے پڑھنے کو مکروہ قرار دیتے ہیں.

امام شافعی : ان کے دو قول ہیں. ایک قول میں اجازت ہے اور دوسرے قول سے منع فرمایا ہے

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ شرائط کے ساتھ قرآن کریم کو خوش الحانی سے پڑھنے کی اجازت دی ہے.

Scanned with CamScanner

جامعۃ المدینہ کراچی
فیضانِ مدینہ

مختصر سوالات : مسلم شریف

① قرآن پاک کی کوئی سی دو فضیلتیں لکھیں؟
جواب : حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس دن کسی چیز کا سایہ نہیں ہوگا۔ اُس دن حاملین قرآن اللہ پاک کے سائے میں ہوں گے۔
ii امام حاکم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ روزہ اور قرآن بندے کی شفاعت کریں گے۔

② نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن پاک یاد کرنے والے کو کس کی مثل فرمایا ہے؟
جواب : نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم حفظ کرنے والے کی مثال اُس اونٹ کی طرح دی ہے جس کا ایک ٹخنہ بندھا ہوا ہو اگر اُس کے مالک نے اس کا خیال رکھا تو وہ رہے گا ورنہ چلا جائے گا۔

③ قرآن مجید کی کسی آیت کی بھولنے کی کیفیت کس طرح کریں گے؟ یا کون سے الفاظ مناسب ہیں؟
جواب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ کہنے سے منع فرمایا۔ کہ میں نے فلاں فلاں آیت یا سورت بھلا دی۔ بلکہ یہ کہے کہ وہ بھلا دیا گیا

④ قرآن پاک کو خوش الحانی سے تلاوت کرنے کی فضیلت لکھیں؟
جواب : نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ پاک کسی چیز پر اتنا اجر نہیں دیتا جتنا نبی کے خوش الحانی اور بلند آواز سے قرآن پڑھنے پر اجر عطا فرماتا ہے۔

⑤ قرآن مجید کو خوش الحانی سے پڑھنے کے بارے میں مذاہب لکھیں؟
جواب : امام مالک : قرآن مجید خوش الحانی سے پڑھنے کو مکروہ قرار دیتے ہیں۔
امام شافعی : اِن کے دو قول ہیں۔ ایک قول میں اجازت ہے اور دوسرے قول سے منع فرمایا ہے
امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ شرائط کے ساتھ قرآن کریم کو خوش الحانی سے پڑھنے کی اجازت دی ہے۔

Muhammad Saqib

Scanned with CamScanner

باب :: نزولِ السکینہ بقرأۃ القرآن :-

(6) سکینہ کی تعریف قلمبند کریں؟

جواب: سکینہ اللہ پاک کی مخلوق میں سے ایک مخلوق ہے۔ جس کی وجہ سے اطمینان حاصل ہوتا ہے اور اس کے ساتھ فرشتے بھی ہوتے ہیں

(7) مومن اور منافق کی تلاوت قرآن پاک کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان :- جو مومن قرآن پاک پڑھتا ہے۔ اس کی مثال ترنج کی طرح ہے۔ جس کی خوشبو پسندیدہ اور ذائقہ خوشگوار ہے۔

اور جو منافق قرآن پاک پڑھتا ہے۔ اس کی مثال ریحان کی طرح ہے۔ جس کی خوشبو اچھی ہے۔ اور ذائقہ کڑوا ہے؟

(8) کیا عام آدمی کا فرشتوں کا دیکھنا ممکن ہے؟

جواب۔ جی ہاں! عام آدمی کا فرشتوں کا دیکھنا ممکن ہے اور قرآن پڑھنے والوں کی فضیلت ہے کہ ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں

(9) حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ والی حدیث میں تلاوت قرآن کے وقت نزول سکینہ کی کیفیت لکھیں

جواب: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ والی حدیث میں ایک شخص سورہ کہف کی تلاوت کر رہا تھا۔ جس کے پاس ایک گھوڑا دو لمبی رسیوں سے بندھا ہوا تھا۔ اچانک بادل نازل ہوئے اور اس کو گھیر لیا۔ اور اس کے گرد گھومنے لگے۔ جسکی وجہ سے گھوڑا بدکنے لگا۔ صبح تو اس شخص نے یہ واقعہ حضور کی بارگاہ میں پیش کیا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ یہ سکینہ تھی جو قرآن کی برکت سے نازل ہوا۔

Scanned with CamScanner

## باب: فضیلۃ حافظ القرآن

(15) حافظ قرآن کی فضیلت لکھیں؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص قرآن میں ماہر ہو، وہ ان فرشتوں کے ساتھ ہوتا ہے جو معزز اور بزرگ ہیں اور (نامہ اعمال یا لوح محفوظ کو) لکھنے والے ہیں۔

(16) ایسے قاری کی فضیلت بیان کریں جو قرآن کے معانی اور مطالب پر غور و خوض کرتا ہے؟

جواب: ایسے شخص کو یہ عزت دی جاتی ہے کہ اسے اونچے درجے کے فرشتوں کی رفاقت عطا کی جاتی ہے۔

## باب استحباب قراۃ القرآن علی اهل الفضل .....

(12) افضل کا مفضول کے سامنے قرآن پڑھنا کیسا ہے؟

افضل کا مفضول کے سامنے قرآن پڑھنا مستحب ہے۔

(13) حضرت انس رضی اللہ عنہ والی حدیث میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی (2) فضیلتیں لکھیں؟

جواب: (i) نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب کو قرآن پاک سنایا

(ii) دوسری فضیلت: اللہ پاک نے ان کا نام لیا۔

(14) حضرت ابی بن کعب کو قرآن سنانے کی کون سی دو حکمتیں ملحوظ ہیں؟

جواب: (1) ایک حکمت یہ ہے۔ قرآن پاک سنانے کا حکم اس لیے دیا گیا تاکہ آپ کی زندگی میں کسی اہل علم کو قرآن پاک سنانے کا نمونہ پایا جائے۔

(2) ایک حکمت یہ ہے تاکہ انہیں قرآن پاک یاد ہو سکے اور سن چکنے سے وہ قرآن پاک پڑھنے کا طریقہ سیکھ لیں۔

(15) سورہ لم یکن الذین کفروا ..... اسی آیت کو سنانے کی تخصیص کیوں کی گئی؟

جواب: کیونکہ یہ مختصر ہے اور دین کے اصول اور فروع کے فوائد کثیرہ کی جامع ہے۔

Muhammad Saqib

Scanned with CamScanner

## باب: فضل استماع القرآن وطلب القرأۃ

(16) قرآن پاک سننے کی کوئی سے 3 آداب لکھیں؟

جواب: i) سننے والا توجہ سے سنے۔ ii) اس کے معنی پر غور کرے۔ iii) رونے والی کیفیت پیدا کرے۔

(17) نماز میں قرآن مجید کی تین آیتیں پڑھنے کی فضیلت قلمبند کریں؟

جواب: اس کی فضیلت میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جو شخص نماز میں تین آیتیں پڑھتا ہے وہ تین بڑی اور فربہ اونٹنیوں سے بہتر ہے۔

(18) سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران کی فضیلت بیان کریں؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! قرآن مجید پڑھا کرو۔ کیونکہ وہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کی شفاعت کرے گا۔ اور دو روشن سورتوں کو پڑھا کرو "سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران" کیونکہ وہ قیامت کے دن اس طرح آئیں گے۔ جس طرح دو بادل ہوں یا دو سائبان ہوں یا اڑتے ہوئے پرندوں کی قطاریں ہوں اور وہ اپنے پڑھنے والوں کی وکالت کریں گے۔

(19) رات کو سورہ بقرہ کی آخری آیات کی فضیلت زینت قرطاس فرمائیں!

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص رات کو آخری دو آیتیں پڑھے گا وہ اس کو کافی ہوں گی۔

(20) سورہ کہف کی آخری آیات کی فضیلت قلمبند کریں؟

جواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جو شخص سورہ کہف کی پہلی دس آیات یاد کرلے گا وہ دجال کے شر سے save رہے گا۔

(21) سورہ اخلاص کی فضیلت لکھیں؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے تین حصے کیے ہیں اور سورہ قل ھو اللہ احد ان میں سے ایک حصہ ہے

Scanned with CamScanner

(22) سورہ اخلاص کو تہائی قرار دینے کی وجہ بیان کریں؟

جواب: قاضی عیاض رضی اللہ عنہ نے دو معنی بیان کیے ہیں۔ ایک یہ کہ قرآن مجید کے مضامین تین قسم پر ہیں۔ صفات الٰہیہ، قصص اور احکام۔ اس سورت میں ایک قسم یعنی صفات کو بیان کیا گیا ہے اس لیے اس کو تہائی قرآن مجید قرار دیا گیا ہے

دوسرا معنی: اس کے پڑھنے کا ثواب ایک تہائی قرآن مجید پڑھنے کے برابر ہے۔

(23) معوذتین کی فضیلت بیان کریں؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کیا تمہیں نہیں معلوم کہ آج رات ایسی آیات نازل ہوئی۔ جیسے کبھی نہیں دیکھی گئی۔ قل أعوذ برب الفلق۔ قل أعوذ برب الناس

(24) نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کن دو اشخاص پر رشک کرنے کا فرمایا؟

جواب: ایک وہ شخص جس کو اللہ پاک نے قرآن مجید کا علم عطا کیا اور وہ رات اور دن اس کی تلاوت کرتا ہے دوسرا وہ شخص جس کو اللہ پاک نے مال عطا فرمایا اور وہ رات اور دن اس مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے

(25) حسد اور رشک میں فرق لکھیں؟

جواب: حسد کا معنی ہے۔ صاحب نعمت سے نعمت زائل ہونے کی تمنا کرنا

رشک کا معنی ہے۔ کسی صاحب نعمت کو دیکھ کر یہ تمنا کرنا کہ یہ نعمت اس کے پاس بھی رہے اور اس کی مثل مجھے بھی مل جائے۔

(26) نماز میں طول قیام أفضل ہے یا کثرت سجود؟

جواب: امام ابو حنیفہ کے نزدیک طول قیام أفضل اور امام شافعی کے نزدیک کثرت سجود أفضل

(27) کن اوقات میں قرآن پڑھنا ممنوع ہے؟

جواب: عصر کے بعد غروب آفتاب تک اور فجر کے بعد طلوع آفتاب تک

Scanned with CamScanner

صلی اللہ علیہ وسلم

28: نماز فجر اور نماز عصر کے بعد نماز پڑھنے کی نفی کا حوالے سے فرمان نبی لکھیں؟

جواب: سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ نماز عصر کے بعد غروب آفتاب تک کوئی نماز نہیں اور نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب تک کوئی نماز نہیں۔

29: قرآن مجید کو سات حرفوں میں نازل کیا گیا؟ اس سے کیا مراد ہے؟

جواب: بعض علمائے نے کہا۔ سات حرفوں سے مراد قرأت وتجوید کے لحاظ سے تلاوت کی سات صورتیں ہیں۔ ابو عبید نے کہا۔ سات حروف سے سات لغات مراد ہیں۔

Scanned with CamScanner

(6) اخلاق حسنہ کے حوالے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان لکھیں؟

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ تم میں وہ شخص سب سے اچھا ہے۔ جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں۔

جس شخص کے اخلاق سب سے اعلیٰ ہوں گے اُس کا ایمان سب سے زیادہ کامل ہو گا۔

(7) والدین سے حسن سلوک کے حوالے سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سوال کے بارے میں بتایا۔ تمہارے زیادہ حسن سلوک کے مستحق تمہاری ماں، تمہاری ماں، تمہاری ماں پھر تمہارا باپ ہے۔

(8) والدین میں سے کس کا حق مقدم ہے؟ وجہ بھی تحریر کریں۔

جواب: سب سے زیادہ حسن سلوک کا مستحق ماں ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اولاد کی تربیت میں ماں کو زیادہ مشقت اٹھانا پڑتی ہے، ماں کی اولاد پر شفقت زیادہ ہوتی ہے، حمل، وضع حمل، دودھ پلانے اور پرورش کے دیگر مراحل طے کرنے میں ماں کو زیادہ مشقت ہوتی ہے۔

Scanned with CamScanner

محمد ثاقب
0341-8805903

(7) والدین کی نافرمانی کرنا کیسا ہے؟

جواب: والدین کی نافرمانی کرنا حرام اور کبیرہ گناہ ہے۔

(8) والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا مقدم ہے یا نفل نماز پڑھنا افضل ہے۔

جواب: اگر والدین نفل نماز کے دوران بلائیں۔ تو اُن کے بلانے پر جانا واجب ہے کیونکہ نفل نماز میں استمرار بھی نفل ہے۔ ماں باپ کے بلانے پر جانا اور اُن کے ساتھ نیکی کرنا واجب ہے

(9) دوران نماز والدین کے بلانے پر نماز توڑنے کی صورتیں بیان کریں؟

جواب: نماز اگر فرض یا واجب ہو تو والدین کے بلانے پر جانا جائز نہیں ہے اگر نفل نماز ہو تو ماں کے بلانے پر جانا واجب ہے اور باپ کے بلانے پر جائز نہیں ہے

(10) کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بلانے پر نماز توڑ سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں! نماز خواہ واجب ہو، فرض ہو یا نفل ہو۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بلانے پر نماز توڑنا جائز ہے

(11) والدین کے حسن سلوک نہ کرنے کی وعید بیان کریں؟

جواب: حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کے بارے میں جس نے اپنے والدین کو بڑھاپے کی حالت میں پاکر خدمت نہ کی۔ فرمایا۔ اُس شخص کی ناک خاک آلود ہو۔ تین مرتبہ فرمایا۔

(12) بنی اسرائیل کے عابد کو ماں نے کیا بددعا دی؟

جواب: اُس کی ماں نے بددعا دی! اے اللہ! جب تک یہ فاحشہ عورتوں کا چہرہ نہ دیکھ لے اس پر موت طاری نہ ہو۔

Scanned with CamScanner

(13) والدین کے دوستوں سے صلہ رحمی کرنے کے حوالے سے ایک حدیث مبارکہ لکھیں؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ سب سے بڑی نیکی یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے باپ کے دوستوں سے نیکی کرے۔

(14) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ کے دوست سے کیا صلہ رحمی کی؟

جواب: ایک سفر کے دوران راستے میں ملا تو اس کو اپنے گھوڑے پر بٹھا دیا اور اپنے سر سے عمامہ اتار کر اس کو عطا کر دیا۔

(15) بعد وفات والدین سے نیکی کرنے کا طریقہ لکھیں؟

جواب: بعد وفات والدین سے نیکی کا کرنے کا طریقہ حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ان کی نماز جنازہ پڑھو۔ ان کیلئے استغفار کرو، جس شخص سے انہوں نے کوئی وعدہ کیا۔ اس وعدہ کو پورا کرو۔ جن کے ساتھ وہ صلہ رحمی کرتے تھے۔ ان کے صلہ رحمی کرو۔

(16) حدیث مبارکہ میں نیکی اور گناہ کی تعریف کیا بیان کی گئی ہے؟

جواب: حدیث پاک میں ہے۔ نیکی اچھا خلق ہے، اور گناہ وہ چیز ہے جو تمہارے دل میں کھٹکے، اور تم یہ ناپسند کرو کہ لوگ اس پر مطلع ہوں۔

(17) قطع تعلق کی ایک وعید حدیث مبارکہ کی روشنی میں بیان کریں؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ قاطع (رشتہ داروں سے قطع تعلق کرنے والا) جنت میں داخل نہ ہوگا۔

(18) بدگمانی کی ممانعت پر ایک حدیث مبارکہ لکھیں؟

جواب: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ بدگمانی سے بچو کیونکہ بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے۔ ایک دوسرے کے ظاہری اور باطنی عیب مت تلاش کرو۔ حرص نہ کرو، حسد نہ کرو، بغض نہ کرو۔ ایک دوسرے سے روگردانی نہ کرو۔

Scanned with CamScanner

Muhammad Saqib

(19) تین دن تک قطع تعلق رکھنا کیوں جائز ہے

جواب: تین دن تک ترک تعلق رکھنا اس لئے جائز ہے کہ غضب اور غصہ انسان کی فطرت میں ہے اور تین دن میں غیظ و غضب کم ہو جاتا ہے یا ختم ہو جاتا ہے اس لیے ترک تعلق معاف کیا گیا ہے۔

(20) بغض اور حرص کی ممانعت پر ایک حدیث مبارکہ لکھیں؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو، ایک دوسرے سے روگردانی نہ کرو، حرص نہ کرو، اور اللہ کے بندے بھائی بھائی بن جاؤ۔

(21) کس صورت میں تجسس کرنا جائز ہے؟

جواب: اگر کسی شخص کا عیب ملک اور قوم اور اجتماعی معاشرہ کیلئے نقصان ہو۔ تو اس کی جاسوسی کرنا جائز ہے۔ اور باز پرس کرنا ضروری ہے۔

(21) حرص کے جواز کی صورت بیان کریں؟

جواب: حدیث مبارکہ کی روشنی میں طاقتور مومن کمزور مومن سے بہتر ہے۔ اور ایسے کام میں حرص کرو جس سے تم کو نفع ہو اور اللہ سے مدد طلب کرو اور عاجز نہ ہو۔

(22) ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر حقوق بیان کریں؟ حرمت کے لحاظ سے

جواب: ایک دوسرے سے حسد نہ کرو، بغض نہ رکھو، کسی کی بیع پر بیع نہ کرو۔ اس پر ظلم نہ کرے، حقیر نہ جانے، ایک مسلمان کا خون، مال اور عزت دوسرے مسلمان پر حرام ہے۔

(23) تقویٰ کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں؟

جواب: تقویٰ کا لغوی معنی کسی چیز کو ایذا اور ضرر سے محفوظ رکھنا۔ شریعت میں تقویٰ کا معنی۔ نفس کو گناہوں کے کاموں سے محفوظ رکھنا۔

Scanned with CamScanner

(24) کسی مسلمان کے برا ہونے کیلئے کیا بات کافی ہے؟

جواب۔ کسی مسلمان کی برائی کیلئے یہ کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو برا جانے۔

(25) حدیث مبارکہ میں تقوی کا اشارہ حضور اکرم نے کہاں کیا؟

جواب۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے تقوی کا اشارہ سینہ کی طرف کیا۔ سینے کی طرف تین بار اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔ تقوی یہاں ہے۔

(26) کینہ رکھنے کی ممانعت پر ایک حدیث پاک قلمبند کریں؟

جواب۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ لوگوں کے اعمال ہر ہفتہ میں دو بار پیش کیے جاتے ہیں، پیر اور جمعرات کو اور ہر مسلمان بندے کی مغفرت کر دی جاتی ہے، سوائے اس بندے کو جو اپنے بھائی کے ساتھ کینہ رکھتا ہو۔ کہا جاتا ان کو چھوڑ دو۔

(27) الحب فی اللہ کی فضیلت بیان کریں؟

جواب۔ اللہ کیلئے محبت کرنے والے کے بارے حدیث قدسی ہے۔ اللہ پاک فرمائے گا۔ میری جلال ذات سے محبت کرنے والے کہاں ہیں؟ آج میں انہیں اپنے سائے میں رکھوں گا۔ میرے سایہ کے علاوہ آج کسی کا سایہ نہیں ہے۔

(28) مریض کی عیادت پر ایک حدیث پاک لکھیں؟

جواب۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ مریض کی عیادت کرنے والا واپس آنے تک جنت کے باغ میں رہتا ہے۔

(29) حدیث مبارکہ میں قرب الہی حاصل کرنے کے طریقے لکھیں؟

جواب۔ بھوکوں کو کھانا کھلانا، مریضوں کی عیادت کرنا، مومن کے غم اور پریشانی کو دور کرنا، سلام کرنا، چھینک کا جواب دینا۔

0341-8805903
محمد ثاقب

Scanned with CamScanner